ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (456)

04.09.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 30 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی،شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 30 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جا رہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((457

04.09.24

**بہاول پور(              )وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس نے ماہ اگست 2024 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھر پور کریک ڈاؤن کیا، 127 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 127 منشیات فروش گرفتار کیئے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد ہوئی۔بہاولپور سے منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف سے منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 127 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 127 ملزمان کو بند حوالات کیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 62 کلو 664 گرام چرس،125 گرام کرسٹل آئس،15 من سے زائد بھنگ،60 کلوگرام افیون،4627 لیٹر شراب اور 05 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔اس حوالے سے ڈی پی او اسد سرفراز خان نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہرصورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی جانب سے بہاولپور پولیس کی گزشتہ ماہ میں منشیات فروشوں کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کی پراگرس رپورٹ جاری